

# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

**● حج مبرور**　　مؤلف: پروفیسر قاضی طاہر علی الہاشمی

ضخامت: ۴۴۸ صفحات　قیمت: ۲۵۰ روپے　　ناشر: مکتبہ حسنین معاویہ، مارتھر سٹریٹ، اردو بازار، ۵، لوئر مال لاہور

حج اسلام کے اہم ارکان میں سے ایک ہے اور اس کی ادائیگی دیگر اسلامی ارکان سے اپنی شرائط کے اعتبار سے کچھ مختلف ہے۔ مثلاً زادِ راہ کا ہونا وغیرہ جو کہ ہر مسلمان کو حاصل نہیں ہو پاتی۔ تاہم جنھیں اس رکن کی ادائیگی کی طاقت حاصل ہو جائے تو طاقت کے بعد حج کے تمام ارکان کو بجالانا بھی آسان نہیں ہے۔ جبھی تو حضور علیہ السلام نے حج کے تمام مناسک کے شروع میں جو دعائیں ارشاد فرمائی ہیں۔ ان میں یہ الفاظ آپ کو ضرور ملیں گے فیسرہ۔ اے اللہ! میرے لیے آسان فرما جس سے واضح معلوم ہوتا ہے کہ مناسک حج ادا کرنا یقیناً مشکل ہیں کہ اللہ سے آسانی کی دعا کی جارہی ہے۔

اس عنوان پر مولانا قاضی طاہر الہاشمی کی کتاب ''حج مبرور'' جس میں حج کے تمام مناسک اور اُن کی ادائیگی کو تفصیلاً ذکر کیا ہے نیز تمام مقاماتِ مقدسہ کا ذکر بالالتزام کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس سفر سے متعلقہ کئی اہم مباحث پر شرح وبسط سے گفتگو کی گئی ہے۔ مثلاً رمی کے اوقات کے سلسلہ میں ایک طویل تحریر موجود ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارا تعلق مذہب حنفی سے ہے اور مذہب حنفیہ کے ہی پیروکار ہیں۔ رمی کے اوقات کے متعلق مذہب احناف اپنا ایک مستقل نظام رکھتا ہے جو کہ فقہ کی کتاب میں موجود ہے۔ جب کہ سعودی حکومت نے اپنے احوال کے پیشِ نظر جو نظامِ اوقات مرتب کر دیا ہے۔ ظاہراً احناف کے لیے مشکل ہے۔ مگر احناف علماء سے یہ بات متعلق ہے کہ اگر کوئی صورت سعودیہ کے نظام سے اتفاق کی ہو سکتی ہے تو ملک بھر کے جید علماء اس پر ایک رائے قائم کریں۔ جس سے خصوصاً عوام الناس کی پریشانی سکون میں بدل سکتی ہے۔ نیز پاکستان کے جید عالم دین اور ممدوح کبیر مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ سے منسوب بھی ایک بات سماعت میں ہے کہ انھوں نے فرمایا اگر آج ائمہ اربعہ موجود ہوتے تو حالات کے تناظر میں حج کے کئی معمولات میں نرمی کا قول فرماتے۔ ایسے ہی روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عنوان کے تحت حال پر مختصر مگر جامع ومانع گفتگو موجود ہے اور اکابر علماء دیوبند کے اقوال سے انتہائی جامع گفتگو تحریر فرمائی ہے۔ قاضی محمد طاہر الہاشمی ایک مستند محقق ہیں اور ساتھ ہی جذبۂ صادق سے بھی متصف ہیں۔ اُن کی یہ تحقیقی کتاب زائرین حرمین، حجاجِ کرام کے لیے ایک لاجواب تحفہ ہے۔ حق تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین! (تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری)

**● شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کے معمولاتِ رمضان:**　　بہ اہتمام: مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات: ۱۳۶　　قیمت درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ (سرحد)

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کا خاص مہینہ ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ روزہ میرے لیے ہے اس کا اجر بھی میں خود عطا کروں گا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے استقبال کی تیاری شعبان میں ہی شروع فرما دیتے اور روزے بھی رکھتے تھے۔ رمضان المبارک میں عبادات کا اجر ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔ جنت کے سب دروازے ایمان